وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

قرآن حکیم

مع اُردو تلفّظ و ترجمہ

ترجمہ مرتبہ: مولانا سیّد شبّیر احمدؒ

قرآن آسان تحریک رجسٹرڈ

50۔لوئر مال نزد M.A.O. کالج لاہور۔

فون: 7242265 , 7242266 فیکس: 7324904 42 - 92+

E-mail: qat@lcci.org.pk info@quranasan.org

www.quranasan.org & www.asanquran.com

ولقد يسرنا القرآن للذكر

قرآن حکیم

مع اُردو تلفّظ و ترجمہ

سجدوں کے اشارات جہروں پر
الفتح ۴۸ آیت ۲۹

ترجمہ مرتبہ: مولانا سیّد شبّیر احمدؒ

اس قرآن حکیم میں اردو تلفظ کے ساتھ ساتھ ترجمہ اور قرآنی الفاظ کے معانی کی نشاندہی کیلئے تعلیمی نفسیات کے اصولوں کی روشنی میں پہلی مرتبہ 2 رنگوں سے کام لیا گیا ہے۔

قرآن آسان تحریک رجسٹرڈ

نام	قرآن حکیم (مع تلفظ وترجمہ اوپر نیچے)
ترجمہ مرتّبہ	مولانا سیّد شبّیر احمدؒ
طابع وناشر	قرآن آسان تحریک (رجسٹرڈ)
کتابت	عبدالحمید صدیقی
کمپیوٹر ورک	محمد حارث جاوید
پروف ریڈنگ	حافظ احمد نعیم اسلم
فلم	R-N۔ پروسس ہاؤس لاہور
پرنٹر	مخدوم پریس لاہور
طبع	اوّل
تعداد	2000
تاریخ طبع	جون 2009ء
ہدیہ	825 روپے

قرآن آسان تحریک (رجسٹرڈ): 50۔ لوئر مال نزد M.A.O کالج لاہور

فون نمبر: 7242266 • 7242265 فیکس 7324904-42-92+

E-mail :qat@lcci.org.pk, info@quranasan.org

Websites:www.quranasan.org & www.asanquran.com

فہرست سورتہائے قرآن مجید، بترتیب تلاوت وترتیب نزول

نمبر پاره	نام سورة	صفحه	ترتیب تلاوت	ترتیب نزول
۰	الفاتحة	۲	۱	۵
۱	البقرة	۳	۲	۸۷
۲	البقرة	۳۶	//	//
۳	آل عمران	۸۳	۳	۸۹
۴	النسآء	۱۲۹	۴	۹۲
۵	النسآء	۱۳۸	//	//
۶	المآئده	۱۷۹	۵	۱۱۲
۷	الانعام	۲۱۶	۶	۵۵
۸	الاعراف	۲۶۱	۷	۳۹
۹	الانفال	۳۱۰	۸	۸۸
۱۰	التوبة	۳۲۸	۹	۱۱۳
۱۱	يونس	۳۶۵	۱۰	۵۱
۱۱	هود	۳۹۲	۱۱	۵۲
۱۲	يوسف	۴۲۱	۱۲	۵۳
۱۳	الرعد	۴۴۶	۱۳	۹۶
۱۳	ابرٰهيم	۴۵۹	۱۴	۷۲
۱۳	الحِجْر	۴۷۱	۱۵	۵۴
۱۴	النحل	۴۸۱	۱۶	۷۰
۱۵	بنی اسرآئیل	۵۰۷	۱۷	۵۰
۱۵	الكهف	۵۲۸	۱۸	۶۹
۱۶	مريم	۵۵۰	۱۹	۴۴
۱۶	طٰهٰ	۵۶۳	۲۰	۴۵
۱۷	الانبيآء	۵۸۲	۲۱	۷۳
۱۷	الحج	۵۹۹	۲۲	۱۰۳
۱۸	المؤمنون	۶۱۷	۲۳	۷۴
۱۸	النور	۶۳۱	۲۴	۱۰۲
۱۸	الفرقان	۶۴۹	۲۵	۴۲
۱۹	الشعرآء	۶۶۲	۲۶	۴۷
۱۹	النمل	۶۸۱	۲۷	۴۸

نمبر پاره	نام سورة	صفحه	ترتیب تلاوت	ترتیب نزول
۲۰	القصص	۶۹۸	۲۸	۴۹
۲۰	العنكبوت	۷۱۶	۲۹	۸۵
۲۱	الرّوم	۷۳۱	۳۰	۸۴
۲۱	لقمٰن	۷۴۱	۳۱	۵۷
۲۱	السجدة	۷۴۸	۳۲	۷۵
۲۱	الاحزاب	۷۵۳	۳۳	۹۰
۲۲	سبا	۷۷۱	۳۴	۵۸
۲۲	فاطر	۷۸۲	۳۵	۴۳
۲۲	يٰس	۷۹۳	۳۶	۴۱
۲۳	الصّٰفّٰت	۸۰۳	۳۷	۵۶
۲۳	ص	۸۱۶	۳۸	۳۸
۲۳	الزمر	۸۲۷	۳۹	۵۹
۲۴	المؤمن	۸۴۳	۴۰	۶۰
۲۴	حٰم السجدة	۸۵۹	۴۱	۶۱
۲۵	الشورىٰ	۸۷۱	۴۲	۶۲
۲۵	الزخرف	۸۸۲	۴۳	۶۳
۲۵	الدخان	۸۹۴	۴۴	۶۴
۲۵	الجاثيه	۸۹۹	۴۵	۶۵
۲۶	الاحقاف	۹۰۷	۴۶	۶۶
۲۶	محمد	۹۱۶	۴۷	۹۵
۲۶	الفتح	۹۲۴	۴۸	۱۱۱
۲۶	الحُجُرات	۹۳۳	۴۹	۱۰۶
۲۶	ق	۹۳۸	۵۰	۳۴
۲۶	الذّٰريٰت	۹۴۳	۵۱	۶۷
۲۷	الطور	۹۵۰	۵۲	۷۶
۲۷	النجم	۹۵۵	۵۳	۲۳
۲۷	القمر	۹۶۰	۵۴	۳۷
۲۷	الرحمٰن	۹۶۶	۵۵	۹۷
۲۷	الواقعه	۹۷۲	۵۶	۴۶

نمبر پاره	نام سورة	صفحه	ترتیب تلاوت	ترتیب نزول
۲۷	الحديد	۹۷۸	۵۷	۹۴
۲۸	المجادلة	۹۸۷	۵۸	۱۰۵
۲۸	الحشر	۹۹۴	۵۹	۱۰۱
۲۸	الممتحنة	۱۰۰۱	۶۰	۹۱
۲۸	الصف	۱۰۰۶	۶۱	۱۰۹
۲۸	الجمعة	۱۰۱۰	۶۲	۱۱۰
۲۸	المنٰفقون	۱۰۱۳	۶۳	۱۰۴
۲۸	التغابن	۱۰۱۶	۶۴	۱۰۸
۲۸	الطلاق	۱۰۲۰	۶۵	۹۹
۲۸	التحريم	۱۰۲۴	۶۶	۱۰۷
۲۹	الملک	۱۰۲۹	۶۷	۷۷
۲۹	القلم	۱۰۳۴	۶۸	۲
۲۹	الحآقة	۱۰۳۹	۶۹	۷۸
۲۹	المعارج	۱۰۴۳	۷۰	۷۹
۲۹	نوح	۱۰۴۷	۷۱	۷۱
۲۹	الجن	۱۰۵۱	۷۲	۴۰
۲۹	المزمل	۱۰۵۶	۷۳	۳
۲۹	المدثر	۱۰۵۹	۷۴	۴
۲۹	القيٰمة	۱۰۶۳	۷۵	۳۱
۲۹	الدهر	۱۰۶۶	۷۶	۹۸
۲۹	المرسلٰت	۱۰۷۱	۷۷	۳۳
۳۰	النبا	۱۰۷۵	۷۸	۸۰
۳۰	النّٰزعٰت	۱۰۷۷	۷۹	۸۱
۳۰	عبس	۱۰۸۰	۸۰	۲۴
۳۰	التكوير	۱۰۸۳	۸۱	۷
۳۰	الانفطار	۱۰۸۴	۸۲	۸۲
۳۰	المطففين	۱۰۸۶	۸۳	۸۶
۳۰	الانشقاق	۱۰۸۸	۸۴	۸۳
۳۰	البروج	۱۰۹۰	۸۵	۲۷

نمبر پاره	نام سورة	صفحه	ترتیب تلاوت	ترتیب نزول
۳۰	الطارق	۱۰۹۲	۸۶	۳۶
۳۰	الاعلٰى	۱۰۹۳	۸۷	۸
۳۰	الغاشية	۱۰۹۵	۸۸	۶۸
۳۰	الفجر	۱۰۹۶	۸۹	۱۰
۳۰	البلد	۱۰۹۹	۹۰	۳۵
۳۰	الشمس	۱۱۰۰	۹۱	۲۶
۳۰	الليل	۱۱۰۱	۹۲	۹
۳۰	الضحىٰ	۱۱۰۳	۹۳	۱۱
۳۰	المنشرح	۱۱۰۴	۹۴	۱۲
۳۰	التين	۱۱۰۴	۹۵	۲۸
۳۰	العلق	۱۱۰۵	۹۶	۱
۳۰	القدر	۱۱۰۷	۹۷	۲۵
۳۰	البينة	۱۱۰۷	۹۸	۱۰۰
۳۰	الزلزال	۱۱۰۹	۹۹	۹۳
۳۰	العٰديٰت	۱۱۱۰	۱۰۰	۱۴
۳۰	القارعة	۱۱۱۱	۱۰۱	۳۰
۳۰	التكاثر	۱۱۱۱	۱۰۲	۱۶
۳۰	العصر	۱۱۱۲	۱۰۳	۱۳
۳۰	الهمزة	۱۱۱۳	۱۰۴	۳۲
۳۰	الفيل	۱۱۱۳	۱۰۵	۱۹
۳۰	قريش	۱۱۱۴	۱۰۶	۲۹
۳۰	الماعون	۱۱۱۵	۱۰۷	۱۷
۳۰	الكوثر	۱۱۱۵	۱۰۸	۱۵
۳۰	الكٰفرون	۱۱۱۶	۱۰۹	۱۸
۳۰	النصر	۱۱۱۶	۱۱۰	۱۱۴
۳۰	اللهب	۱۱۱۷	۱۱۱	۶
۳۰	الاخلاص	۱۱۱۸	۱۱۲	۲۲
۳۰	الفلق	۱۱۱۸	۱۱۳	۲۰
۳۰	الناس	۱۱۱۹	۱۱۴	۲۱

بسم الله الرحمن الرحیم

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ

وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، اس کا کتاب الٰہی ہونا ہر قسم کے شک وشبہ سے بالاتر ہے : ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

پھر اسی نے اسے نازل فرمایا اور اسی نے اس کی حفاظت کا ذمہ لیا : اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○

کلام الٰہی ہونے کی بنا پر اس میں ان صفات کمال کی جھلک کا پایا جانا لازم ہے، جو خود صاحب کلام کا خاصہ ہیں، چنانچہ جس طرح ذات باری تعالیٰ قدیم، ازلی اور ابدی ہے۔ اس کا کلام بھی قدیم، ازلی اور ابدی ہے جس طرح ذات باری تعالیٰ بے مثال ہے "لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ" اس کا کلام بھی بے مثال ہے۔ بنا بریں اس کے اعجاز وکمال کا احاطہ بھی اسی قدر مشکل ہے جس قدر خود ذات باری تعالیٰ کے حسن وکمال کا۔ یہی وجہ ہے کہ نزول قرآن کے بعد سے آج تک پوری دنیا میں علماء امت قرآن مجید کی تفسیر وتعبیر کے انتہائی مشکل کام میں اپنی زندگیوں کو لگا کر اس کے اعجاز وکمال کو خراج تحسین پیش کرتے رہے ہیں اور ایک تسلسل کے ساتھ کلام الٰہی کے فہم وتفہیم کے لیے قرآن مجید کے ترجمہ اور تفسیر پر کام ہوتا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح انسان اللہ تعالیٰ کے حضور خود کو عاجز ودرماندہ پاتا ہے، اسی طرح اسے کلام الٰہی کے سامنے اپنی بے بسی کا شدید احساس ہوتا ہے۔ قرآن کے الفاظ وآیات اتنے جامع، وسیع المعنی اور زور بیان سے اس قدر بھرپور ہیں کہ کسی بھی زبان میں ان کے ترجمہ یا ترجمانی کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا۔ الفاظ وآیات کی مفصل تفسیر تو کی جا سکتی ہے لیکن ان کے معانی کے ہمہ جہت پہلوؤں کا احاطہ انتہائی مشکل ہے یہی وجہ ہے کہ مختصر الفاظ میں قرآنی آیات کا جامع، تمام پہلوؤں پر حاوی اور قرآن ہی کے انداز میں ایسا مؤثر اور مکمل ترجمہ کرنا کہ اس میں قرآن کا زور بیان بھی منتقل ہو نا ممکن نہیں تو اس کے لگ بھگ ضرور ہے۔ اس کے باوجود صاحبان عزم وہمت اور وارثان علم نبوت نے یہ مشکل گھاٹی سر کرنے کی کوشش کی ہے۔

دنیا کی مختلف زبانوں بالخصوص اردو میں قرآن مجید کے اچھے تراجم کی کمی نہیں ہے اور گزشتہ دو سو سال میں متعدد علما نے اپنے اپنے انداز میں بہترین تراجم کیے ہیں جن میں اکثر انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان تراجم کی موجودگی میں محض حصول برکت وسعادت کی خاطر ایک نیا ترجمہ شائع کرنا وقت اور محنت کا کوئی صحیح مصرف نہیں ہے۔ اس راہ میں مزید کوشش اگر معقول ہو سکتی ہے تو صرف اس صورت میں جبکہ ترجمہ کرنے والا طالبین قرآن کی کسی ایسی ضرورت کو پورا کرے جو موجودہ تراجم سے پوری نہ ہوتی ہو۔ چنانچہ اس ترجمہ کو جو اس وقت آپ کے سامنے ہے مرتب کرنے کا محرک دراصل یہ احساس ہے کہ اب تک جتنے تراجم اردو زبان میں ہوئے ہیں۔ ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں جن میں محض عربی کے لفظ کا اردو متبادل مہیا کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے اور مفہوم اخذ کرنے اور معنی کی گہرائی تک پہنچنے کی ذمہ داری

پڑھنے والے پر چھوڑ دی گئی ہے۔ ظاہر ہے ایسے تراجم سے قرآن کا معنی مراد سمجھنا اور حقیقی مفہوم سے پوری طرح مستفید ہونا ہر شخص کا کام نہیں۔ لہٰذا پڑھنے والے کو فہم مطالب کے لیے دوسرے تراجم سے رجوع کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ان کے علاوہ بعض تراجم وہ ہیں جن میں لفظی ترجمہ کا طریقہ چھوڑ کر آزاد ترجمانی کا اسلوب اختیار کیا گیا ہے۔ اور الفاظ کے لغوی اور بنیادی معنی کو واضح کرنے کی طرف چنداں توجہ نہیں دی گئی۔ ان تراجم میں یہ خوبی تو ضرور ہے کہ قرآن کے مفہوم کا سمجھنا آسان ہے لیکن پڑھتے وقت قاری یہ متعین کرنے سے قاصر رہتا ہے کہ ترجمہ میں عربی کے کس لفظ کے معنی کیا ہیں اور جو مفہوم ادا کیا گیا ہے وہ کن الفاظ کا ہے نیز یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ لفظ کے اصلی اور لغوی معنی کیا ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان تراجم کو مسلسل پڑھتے رہنے کے باوجود قرآن کا طالب کبھی اس قابل نہیں ہو پاتا کہ براہ راست قرآن کے الفاظ سے مفہوم و معنی سمجھ سکے اور مدت العمر اس کے اور قرآن کے درمیان ترجمہ کا پردہ حائل رہتا ہے اور وہ ایمان و یقین، خوف و خشیت اور فرحت و سرور کی اس کیفیت سے محروم رہتا ہے جو کلام الٰہی ہونے کے ناطے قرآن کے الفاظ کا خاصہ ہے جس کے بارے میں خود قرآن مجید میں ارشاد ہے:

اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ	الْحَدِيْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ
آل لاہُ	نَزْزَلَ	اَح سَ نَل	حَ دی ثِ	کِ تا بَم	مُ تَ شا بِ ہَم	مَ ثا نِ یَ
اللہ نے	نازل فرمایا ہے	بہترین	کلام،	ایک ایسی کتاب	جس کے تمام اجزا ہم رنگ ہیں	اور مضامین دہرائے گئے ہیں،

تَقْشَعِرُّ	مِنْهُ	جُلُوْدُ الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ	جُلُوْدُهُمْ
تَق شَ عِرْ رُ	مِن ہُ	جُ لُو دُل لَ ذی نَ	یَخ شَو نَ	رَب بَ ہُم	ثُم مَ	تَ لی نُ	جُ لُو دُ ہُم
رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں	اسے سن کر	ان لوگوں کے جسم پر جو	ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	پھر	نرم ہو کر	ان کے جسم

وَقُلُوْبُهُمْ	اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ	ذٰلِكَ	هُدَى	اللّٰهِ	يَهْدِىْ
وَ قُ لُو بُ ہُم	اِلا ذِک رِل لاہ	ذا لِ کَ	ہُ دَ	ل لاہِ	یَہ دی
اور ان کے دل	راغب ہو جاتے ہیں اللہ کے ذکر کی طرف۔	یہ ہے	ہدایت	اللہ کی،	راہ دکھاتا ہے وہ

بِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ	هَادٍ ﴿۲۳﴾
بِ ہی	مَائیں یَ شا ۔۔۔ء	وَ مَائیں	یُض لِ لِل	لاہُ	فَ مَا	لَ ہُو	مِن	ہَاد
اس کے ذریعہ سے	جسے چاہتا ہے	اور جسے	گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں ہے	اسے	کوئی	ہدایت دینے والا ﴿۲۳﴾ (سورۃ الزمر ۲۳)

بعض حضرات نے اس مقصد کے حصول کے لیے کہ ہر لفظ کے معنی کا تعین بھی ہو جائے اور ترجمہ سلیس اور عام فہم بھی ہو یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ پہلے قرآنی آیات کے مفرد الفاظ لکھ کر ان کے معانی درج کر دیے ہیں، اس کے بعد آیت کا لفظی ترجمہ اور پھر سلیس ترجمہ درج کیا ہے۔ یہ طریقہ اپنی افادیت کے اعتبار سے بہت مناسب ہے اور اگر اس طرح پڑھنے کی مشق کی جائے تو قرآن فہمی کے سلسلے میں کافی پیش رفت ہو سکتی ہے لیکن اس میں ایک عام قاری کو جو مشکل پیش آتی ہے وہ یہ ہے کہ الفاظ

کے معنی لکھ دینے کے باوجود جب تک الفاظ ومعانی کی نشاندہی استاد نہ کرے، پورا مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ دوسرے اس طرح پڑھنے کے لیے وقت بہت زیادہ درکار ہوتا ہے جس کا متحمل ہر شخص نہیں ہوسکتا۔

اس صورت حال کے پیش نظر ایک مدت سے کچھ احباب کا تقاضا تھا کہ طالبین قرآن مجید کے لیے کوئی ایسا ترجمہ مرتب ہوجائے جس میں عربی لفظ کے نیچے ہی اس کا تلفظ وترجمہ آجائے تاکہ سہولت کے ساتھ وہ قرآن کے مطالب ومفاہیم کو تفہیم اور ترجمانی کے انداز میں پوری طرح صحیح تلفظ کے ساتھ نہ صرف پڑھ سکیں بلکہ سمجھ بھی سکیں اور یہ بھی معلوم ہوتا جائے کہ عربی کے کس لفظ کے کیا معنی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی اندازہ ہوتا جائے کہ عربی الفاظ کی ترتیب وترکیب کے اس انداز سے یہ معنی ومفہوم پیدا ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ کوئی آسان کام نہ تھا تاہم ہم نے اللہ کا نام لے کر اس مقصد کی تکمیل کے لیے قران مجید کا تلفظ وترجمہ مرتب کرنا شروع کردیا۔

اس ترجمہ میں جو اسلوب اپنایا گیا ہے اس کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ عربی کے ایسے الفاظ جو اردو میں مروج ومستعمل ہیں اور ان کے معنی میں کوئی تغیر یا تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ ان الفاظ کو ترجمہ میں بعینہٖ رہنے دیا گیا ہے۔ مثلاً، مالک، رحمٰن، رحیم، دین، جنّت، جہنّم وغیرہ۔

2۔ قرآن مجید کے جن الفاظ کا مفہوم اردو الفاظ سے پوری طرح ادا نہیں ہوسکتا، ان کے لیے بھی عربی الفاظ کو ہی ترجمہ میں اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً عظیم، رب، عذاب وغیرہ کہ اگر عظیم کا معنی، بڑا کیا جائے تو مفہوم پوری طرح ادا نہیں ہوتا، لہٰذا "عذاب عظیم" کا ترجمہ 'عذاب عظیم' ہی کیا گیا ہے اور "رب العالمین" کا ترجمہ ''رب ہے سب جہانوں کا'' کیا ہے وعلیٰ ہذا القیاس۔

3۔ البتہ وہ جملے جن میں اردو اور عربی زبانوں کے نحوی اور ترکیبی اختلاف کی بنا پر لفظ کے نیچے اس کے معنی کا درج کیا جانا ممکن نہ تھا وہاں عربی الفاظ کے نیچے اردو کا لفظ نہیں آسکا بلکہ ترجمہ میں الفاظ کی ترتیب الٹی ہوگئی ہے یعنی عربی ترکیب میں جو لفظ پہلے واقع ہوا ہے ترجمہ میں وہ بعد میں آیا ہے اور بعد والا پہلے۔ وہ تراکیب یہ ہیں۔ مضاف، مضاف الیہ۔ مثلاً عالم الغیب غیب کا جاننے والا۔ صفت، موصوف۔ مثلاً الصراط المستقیم ۔ سیدھا راستہ، جار، مجرور مثلاً الی الجنۃ۔ جنت تک من الناس لوگوں میں سے وغیرہ۔

یہ وہ فقرے ہیں جن میں عربی ترکیب اردو ترکیب کلام کے برعکس ہے، لہٰذا لفظ کا ترجمہ لفظ کے نیچے دیا جانا ممکن نہیں۔

4۔ اس کے علاوہ ایسے فقرے جن میں محاورے کے اعتبار سے تو اردو میں ترجمہ کرتے وقت لفظوں کی ترتیب کو الٹ جانا چاہیے لیکن اگر عربی لفظ کے نیچے اردو ترجمہ درج کردیا جائے تو معنی اور مفہوم کی ادائیگی میں چنداں حرج واقع نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ فقرہ زبان کے مروجہ اسلوب سے ہٹا ہوا ہونے کی وجہ سے کچھ نامانوس سا معلوم ہوتا ہے مثلاً فعل اور فاعل کی تقدیم وتاخیر کا اختلاف کہ عربی ترکیب میں فعل، فاعل سے پہلے آتا ہے اور اردو میں فاعل، فعل سے پہلے آتا ہے جیسے ضرب اللّٰہ ۔ اللہ نے مارا۔ ضرب اور مارا فعل ہیں اور اللہ فاعل ہے۔ اللہ اردو میں مقدم ہے اور عربی میں مؤخر لیکن اگر اسے اس طرح لکھا جائے کہ مارا اللہ نے تو مفہوم میں کوئی فرق نہیں پڑتا، لہٰذا ایسے مواقع پر یہی طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ عربی لفظ کے نیچے اردو ترجمہ درج کیا گیا ہے اور اس طرح فقرے کی سلاست میں اگر کوئی جھول پڑ رہا ہے تو اسے گوارا کرلیا گیا ہے۔

مختصراً یہ چند امور ہیں جو بطور مثال پیش کیے گئے ہیں ورنہ یہ ایک طویل اور تفصیل طلب موضوع ہے۔ نیز معانی کی تعیین اور آیات کے معنی مراد بیان کرنے کے لیے اپنی طرف سے کوئی نئی کوشش نہیں کی گئی ہے بلکہ اردو زبان میں پہلے سے موجود مندرجہ ذیل چھ علما کے ترجموں کو بنیادی حیثیت حاصل رہی ہے۔

○ شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ ○شیخ الھند مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ ○شاہ رفیع الدین رحمۃ اللہ علیہ ○مولانا فتح محمد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ ○ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ ○ مولانا امین احسن اصلاحی رحمۃ اللہ علیہ ○ نیز علامہ وحید الزمان رحمۃ اللہ علیہ ○ اور مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجموں سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

انہی آٹھ ترجموں میں سے سادہ آسان اور عام فہم الفاظ پر مشتمل عبارات کا انتخاب کر کے یہ ترجمہ مرتب کیا گیا ہے۔ جس میں اردو الفاظ کی ترتیب وہی رکھی گئی ہے جو قرآن مجید میں عربی الفاظ کی ہے تاکہ پڑھتے وقت قاری کو بغیر کسی دقت کے معلوم ہوتا جائے کہ عربی کے کس لفظ کا تلفظ اور اس کے معانی اردو میں کیا ہیں؟ اس میں زیادہ سے زیادہ جو تصرف کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ بعض مقامات پر ان تراجم کی عبارات میں الفاظ کی ترتیب کو حسب ضرورت آگے پیچھے کیا گیا ہے تاکہ حتی الامکان عربی لفظ کے نیچے اردو لفظ آجائے۔

علاوہ ازیں اردو تلفظ کیلئے جناب مصباح الحق ” (کراچی) کی کتاب ”قرآن پڑھنا سیکھئے“ اور عبدالکریم اثری صاحب کے ”قرآن کریم“ سے استفادہ کیا گیا ہے۔ یہ نیا اسلوب اُن افراد کیلئے ہے جو قرآن مجید کے تلفظ کو صحت کے ساتھ ادا کرنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں اب ان کی سہولت کیلئے اردو میں عربی زبان کا تلفظ، ہر عربی لفظ کے نیچے دے دیا گیا ہے اس طرح ہر عربی لفظ کو اردو کے قالب میں ڈھال دیا گیا ہے تاکہ اردو زبان کے الفاظ کی پہچان اور معمولی سمجھ بوجھ رکھنے والا بھی اردو ہجے (جوڑ) کر کے صحت کے ساتھ عربی تلفظ ادا کر سکے اور اس کے ساتھ دونوں رنگوں کی ترتیب اس طرح رکھی گئی ہے کہ ہر عربی لفظ، اس کا تلفظ اور اس کا ترجمہ ایک ہی رنگ میں عین ایک دوسرے کے نیچے رہیں تاکہ صرف اردو پڑھنا جاننے والے بھی اس کے تلفظ کو عربی میں ادا کر سکیں اور ساتھ ہی معانی پر غور بھی کر سکیں۔ ہمیں امید ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت میں اب نہ صرف سہولت حاصل ہو جائے گی بلکہ ساتھ ساتھ ترجمہ سمجھنے اور اس پر غور وفکر کرنے میں بھی انتہائی آسانی ہوگی۔ مزید برآں ترجمہ میں جو حصہ ایسا ہے کہ جس کے لئے عربی متن میں لفظ موجود نہیں یعنی اس جگہ کوئی لفظ محذوف ہے یا قرینے سے وہ معنی پیدا ہوتا ہے تو اس حصے کو قوسین یعنی بریکٹ میں لکھا گیا ہے تاکہ آسانی سے سمجھ آسکے۔

اس ترجمہ سے پورا فائدہ اٹھانے کا طریقہ

مناسب یہ ہے کہ جو سورتیں زبانی یاد ہوں پہلے ان کی ایک ایک آیت کا رنگ لفظ اور اس کے معانی ذہن میں محفوظ رکھتے ہوئے اس طرح پڑھا جائے کہ لفظوں کے ساتھ تلفظ اور ان کے معانی کا رنگ بھی ذہن میں اچھی طرح نقش ہوتا چلا جائے اور یہ عمل کم از کم پانچ مرتبہ دہرایا جائے اس کے بعد حافظہ کا امتحان لیا جائے اور دیکھا جائے کہ الفاظ کے تلفظ اور معانی کے رنگ کو یاد رکھنے میں حافظہ کس حد تک کامیاب ہوا ہے۔ اگر پانچ مرتبہ کے عمل سے پوری کامیابی نہ ہو تو مزید مشق کی جائے۔

ابتدا میں یہ کام قدرے مشکل معلوم ہوگا، لیکن چند بار کی مشق سے انشاء اللہ ایک ملکہ پیدا ہو جائے گا اور ذہن آسانی سے الفاظ کے تلفظ اور ان کے نیچے ان کے معانی کا رنگ یاد رکھنے کا عادی ہو جائے گا۔ جب ان سورتوں کو جو زبانی یاد ہوں ترجمہ کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور ذہن نشین کرنے کا عمل مکمل ہو جائے تو بتدریج باقی ماندہ سورتیں بھی صحیح تلفظ کے ساتھ زبانی یاد کرنے کی کوشش کی جائے اور لفظوں کے ساتھ ساتھ معانی کے رنگ کو یاد کرنے کی مشق بہم پہنچائی جائے اور پھر اللہ تعالیٰ توفیق دے تو پورے کلام الٰہی کو اپنے سینے میں محفوظ کر لیا جائے اور اس کی برکت سے دنیا اور آخرت کی صلاح و فلاح حاصل کی جائے۔

ہمیں توقع ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس قرآن کو توجہ سے پڑھنے کے نتیجے میں طالب قرآن ـــــــ قرآن حکیم کو صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنے اور اس کے الفاظ کے معانی سمجھنے کے قابل ہو جائے گا، لیکن اس مقصد کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ اور حقیقی وسیلہ ذوق و شوق اور سچی لگن ہے۔ اگر انسان میں یہ جذبہ پیدا ہو جائے کہ وہ اپنے محبوب کا کلام درست تلفظ کے ساتھ پڑھے اور سمجھے تو اسے بڑی آسانی سے یہ سعادت حاصل ہو سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں یہ وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے کہ قرآن حکیم کا یہ ترجمہ اور طباعت و اشاعت تجارت اور مالی منفعت کی غرض سے نہیں کی جا رہی، بلکہ اس ساری کاوش و کوشش کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان اور قرآن کے درمیان جو ایک بہت بڑی غلط فہمی کی دیوار حائل ہے کہ ''قرآن مجید کا سمجھنا بہت مشکل ہے جو عام آدمی کے بس کا نہیں، بلکہ صرف علما کا کام ہے اور عام آدمی کے لیے صرف اس کو بے سوچے سمجھے تلاوت کر لینا ہی کافی ہے اور دین کا علم حاصل کرنے کے لیے دینی کتابیں پڑھ لی جائیں تو مقصد پورا ہو جاتا ہے'' اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ مسلمان ایمان و یقین کی اس کیفیت اور عشق و جذبہ کی اس حرارت سے محروم ہو گیا ہے جو الفاظ قرآن کا خاصہ ہے۔ ضروری تھا کہ اس دیوار کو گرایا جائے تا کہ مسلمان براہ راست قرآن سے دین سمجھے اور اللہ تعالیٰ کی زبان سے بندے تک ایمان و احکام کی بات پہنچے۔ انسانی الفاظ میں اثر آفرینی کی وہ صلاحیت کسی صورت پیدا نہیں ہو سکتی جو قرآن کے الفاظ میں ہے، لہٰذا اللہ کا نام لے کر ہم نے اس مشکل کام کی ابتدا کر دی اور اس کی توفیق سے یہ کام مکمل ہو گیا۔

اس سلسلے میں قرآنی عربی کے اردو تلفظ کیلئے ہم مصباح الحق صاحب اور عبدالکریم اثری صاحب کے شکر گزار ہیں۔ علاوہ ازیں ہم بیگم و انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب کے بھی تہہ دل سے ممنون ہیں کہ انہوں نے مالی تعاون کے علاوہ ترجمہ کے ساتھ تلفظ شامل کرنے کا مشورہ دیا اور ان کے علاوہ وہ تمام حضرات بھی شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے اس کی تیاری میں علمی، عملی اور مالی اعانت کی۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو وہ اجرِ عظیم عطا فرمائے جس کے وہ حقدار ہیں ۔ آمین !

آخر میں یہ درخواست ہے کہ اگر اہل علم و نظر حضرات کے خیال میں یہ کوشش فی الواقع مفید ہے تو براہ کرم وہ اس بارے میں ہمیں اپنی آراء سے مطلع فرمائیں، اس سلسلہ میں تمام مفید مشوروں کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ نیز بارگاہ رب العزت میں خلوص دل سے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے اور ہر مسلمان کو قرآن مجید صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنے، پڑھانے، سمجھنے، سمجھانے اور خود اس کے احکامات پر نہ صرف عمل کرنے بلکہ دوسروں تک پہنچانے کی بھی توفیق عطا فرمائے کیونکہ یہی قرآن کریم کے حقوق اور تقاضے ہیں اور ہمیں مذکورہ بالا مقاصد کے حصول میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ

حُروف تہجی اوران کی صوت

عربی زبان میں انتیس حروف ہیں جومع اپنی صوت کے درج ذیل ہیں:

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز
اَلِف	بَا	تَا	ثَا	جِیم	حَا	خَا	دَال	ذَال	رَا	زَا
س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک
سِین	شِین	صَاد	ضَاد	طَا	ظَا	عَائِن	غَائِن	فَا	قَاف	کَاف
		ل	م	ن	و	ہ	ء	ی		
		لَام	مِیم	نُون	وَاوْ	ہَا	ہَمزَہ	یَا		

حروف کے نیچےان کی صوت کوتحریر کیا گیا ہے تا کہ معلوم ہو جائے کہ صوت کوتحریر میں لایا جاسکتا ہےاورلایا جا تا ہے۔

اعراب وحرکات کی اصوات

زبر ـَـ زیر ـِـ پیش ـُـ کھڑازبر ـٰـ کھڑازیر ـٖـ الٹی پیش ـٗـ تنوین ـً ـٍ ـٌ جزم ـْـ تشدید ـّـ

وغیرہ سب اعراب وحرکات کہلاتی ہیں۔ان کی صوت کوخوشبو سے تشبیہ دی جاسکتی ہے ان حرکات کی اصوات کوبھی تحریر کیا جا سکتا ہے لیکن اس تحریر کیلئے صفحات کے صفحات درکار ہیں جو یہاں میسرنہیں ہیں۔ان کوحروف پر استعمال کر کے ان کی اصوات کوتحریر میں لانا آسان ہے اوراس کیلئے آنے والی سطور کا مطالعہ فرمائیں۔

ہمزہ مجزوم کی صوت

ہمزہ حروف تہجی کا اٹھائیسواں مروجہ حرف ہے۔اس کو ۲ دوشکلوں میں تحریر کیا جا تا ہے ا۔ء۔اگراس پرکوئی حرکت زبر، زیر، پیش یا جزم موجود ہوتو یہ ہمزہ کہلاتا ہے اوراگر خالی ہوتو الف۔

ہمزہ مجزوم کا قاعدہ یہ ہے کہ جب اس کا ماقبل مفتوح ،مکسور یا مضموم ہوتو اس کی صوت ایک جھٹکا کی صوت میں تبدیل ہوجاتی ہے۔اب جھٹکا کوظاہر کرنے کیلئے مزید کسی علامت کی ضرورت ہے کیونکہ اس صوت کوحروف میں تحریر کرنا ایک مشکل امر ہے۔اس لئے ہمزہ مجذوم کی صوت کوظاہر کرنے کیلئے x یہ علامت فرض کی گئی ہے تا کہ معلوم ہوجائے کہ یہاں ہمزہ مجذوم کوادا کرنا ہے اوراس کیلئے ایک جھٹکا سا لگے گا جیسے:

فَأْتُوْا	بِئْسَ	شَأْنٍ	اَجِئْتَنَا	مُؤْمِنِيْنَ	نُؤْمِنُ	كَأْسٍ	يَأْتِيْ
فَ×تُو	بِ×سَ	شَ×نِن	اَجِ×تَ نَا	مُ×مِ نِیْ نَ	نُ×مِ نُ	کَ×سِن	یَ×تِیْ

ہمزہ وصل کی خاموش حالت

ہمزہ وصل اس ہمزہ کو کہتے ہیں جوشروع کلمہ میں پڑھا جائے اور درمیان کلام میں گر جائے اور خاموش ہو جائے گویا وہ موجود ہی نہ ہو۔یہ اسم،فعل اور مصدر تینوں میں آتا ہے اور وصل کی صورت میں مطلق صوت نہیں دیتا جیسے:

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ	اَيُّهَا الْعَزِيْزُ	هُوَالَّذِىْ	قَبْلَ الْحَسَنَةِ	اِذَاانْقَلَبُوْا
ذَالِ كَلْ کِ تَابُ	اَیْ یُ ہَلْ عَ زِیْ زُ	ہُ وَلْ لَ ذِیْ	قَبْ لَلْ حَ سَ نَ ةِ	اِذَنْ قَ لَ بُوْ

حالانکہ شروع کلمہ میں اس کی صوت موجود ہے جیسے:

اَلْكِتٰبُ	اَلْعَزِيْزُ	اَلْحَسَنَةُ	اِنْقَلَبُوْا
آلْ کِ تَابُ	آلْ عَ زِیْ زُ	آلْ حَ سَ نَ ةُ	اِنْ قَ لَ بُوْ

نون ساکن یانون تنوین کی صوت

ا۔ نون ساکن یانون تنوین کے بعد حروف حلقی (ء۔ح۔خ۔ع۔غ۔ہ) میں سے کوئی ایک آجائے تونون ظاہر کر کے پڑھا جائے گا اور صوت میں بھی تحریر ہوگا جیسے:

اَنْعَمْتَ	يُنْغِضُوْنَ	عَنْ اَمْرِىْ	حَقِيْقٌ	قَوْلًا	فَوْزًا	مِنْ هُمْ	عَنْهُ
اَنْ عَمْ تَ	یُنْ رِغْ ضُوْنَ	عَنْ اَمْ رِیْ	حَ قِیْ قُنْ	قَاوْ لَنْ	فَاوْ زَنْ	مِنْ ہُمْ	عَنْ ہُ

۲۔ اگرنون ساکن یانون تنوین کے بعدان چارحروف (ی۔ن۔م۔و) میں سے کوئی حرف ہواوروہ ۲دوکلموں میں الگ الگ بھی ہوتوادغام مع الغنہ ہوگا جیسے:

مَنۡ يَّقُوۡلُ   مَنۡ وُّجِدَ   عَيۡنًا يَّشۡرَبُ   رَسُوۡلًا نَّبِيًّا

مَائیں یَ قُو لُ   مَاؤں وُجِ دَ   عَائیَ نَائیں یَش رَ بُ   رَسُولَن نَ بِی یَن   وغیرہ

۳۔ اگرنون ساکن یانون تنوین کے بعد (ل۔ر) میں سے کوئی حرف ہواوروہ ۲دوکلموں میں الگ الگ بھی ہوتوادغام بلاغنہ ہوگا۔جس کا مطلب یہ ہے کہ نون کی آواز بالکل چھپ جائے گی گویا کہ نون اس جگہ موجود ہی نہ ہو۔حالانکہ تحریر میں وہ موجود ہے جیسے:

مِنۡ لَّدُنۡ   مِنۡ رَّحۡمَةٍ   رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ   بَشَرًا رَّسُوۡلًا   مِنۡ رَّبِّهٖ   مَنۡ لَّعَنَهُ

مِل لَ دُن نَ   مِر رَح مَ تِن   رَح مَ تَل لِل عَالَ مِی نَ   بَ شَ رَر رَسُولَن   مِر رَب بِ ہِی   مَل لَ عَ نَ ہو

۴۔ اگرنون ساکن یانون تنوین کے بعدحرف (ب) آجائے تونون ساکن یاتنوین کو (م) سے بدل دیے ہیں جس سے نون کی صوت میم کی صوت سے بدل جاتی ہے جیسے:

اَنۡۢبِيَآءَ اللّٰهِ   مِنۡۢ بَعۡدِ   سَمِيۡعًاۢ بَصِيۡرًا   قَوۡلًاۢ بَلِيۡغًا   شَيۡءٍۢ بِاَمۡرِهٖ

آم بِ یَا ...ءَل لَا ہِ   مِم بَع دِ   سَ مِی عَم بَ صِی رَن   قَا وُلَم بَ لِی غَن   شَائی ءِم بِ آم رِہِی

اِدغام تام اور مدغم حروف کی صوت

۲دوحرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا کہ گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں۔اس کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں جودرج ذیل ہیں:

۱۔ ایک حرف ۲دومرتبہ ایک کلمہ میں یا ۲دوکلموں میں اس طرح آئے کہ پہلاحرف ساکن اوردوسرامتحرک ہوتوساکن کومتحرک میں مدغم کردیں گےاس کومدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

عَلَيۡهِمۡ مُّؤۡصَدَةٌ   اِذۡهَبۡ بِّكِتٰبِيۡ   قَدۡ دَّخَلُوۡا   عَنۡ نَّفۡسِيۡ   وَلَنۡ نُّشۡرِكَ   سَعۡيُكُمۡ مَّشۡكُوۡرًا

عَ لَائی ہِم مُ ×صَ دَہ   اِذہَب بِ کِ تَابِی   قَد دَخَ لُو   عَن نَف سِی   وَلَن نُش رِ کَ   سَع یُ کُم مَش کُو رَا

۲۔ اگرایسے ۲دوحرف ایک کلمہ یا ۲دوکلموں میں جمع ہوں جن کامخرج ایک اوران کا پہلاحرف ساکن اوردوسرامتحرک ہوتوساکن حرف کومتحرک حرف میں مدغم کردیں گے جیسے:

قَدۡ تَّبَيَّنَ   اُحِطۡتُّ   اِذۡ ظَّلَمُوۡا   قَالَتۡ طَّآئِفَةٌ

قَت تَ بَائی یَ نَ   اُحِت تُ   اِظ ظَ لَ مُو   قَالَط طَا... ءِف تُن

ادغام تام یہ ہے کہ مدغم کی کوئی صفت باقی نہ رہےاورساکن حرف اپنی صوت متحرک حرف کودے دے۔

۳۔ اگرایسے ۲دوحروف ایک کلمہ یا ۲دوکلموں میں جمع ہوں جوقریب المخرج اورقریب الصوت ہوں اور پہلاحرف ساکن اوردوسرامتحرک ہوتوساکن حرف کومتحرک میں مدغم کردیں گے جیسے:

اَلَمۡ نَخۡلُقۡكُّمۡ   قُلۡ رَّبِّيۡ   مِنۡ رَّبِّهِمۡ   مِنۡ رَّحِيۡقٍ   مِنۡ لَّدُنِّيۡ

اَلَم نَخ لُک کُم   قُر رَب بِی   مِر رَب بِ ہِم   مِر رَ حِی قِن   مِل لَ دُن نِی   وغیرہ

ادغام ناقص میں صوت

نون ساکن یانون تنوین کے قاعدہ ادغام مع الغنہ میں آپ دیکھ چکے ہیں کہ نون کے ادغام کے باوجوداس کی صوت باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہےتواس کوادغام ناقص کہتے ہیں جیسے:

مَنۡ يَّفۡعَلۡ   مَنۡ يَّشَآءُ   مَنۡ يُّرِيۡدُ   مِنۡ وَّ   عِلۡمًا وَّ   عِلۡمٌ وَّ   جَنّٰتٌ وَّ

مَائیں یَف عَل   مَائیں یَ شَا...ءُ   مَائیں یُ رِی دُ   مِی اُوں وَ   عِل مَاؤں وَ   عِل مُوں وَ   جَن نَاتُوں وَ

لام تعریف کی صوت

لام تعریف وہ لام ہے جوکسی اسم نکرہ کومعرفہ بنانے کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے قَمَرٌ سے اَلۡقَمَرُ وغیرہ وغیرہ

۱۔ جن حروف سے پہلے لام تعریف پڑھا جاتا ہےان کوحروف قمریہ کہتے ہیں۔یہ چودہ حروف ہیں ء۔ب۔غ۔ح۔ج۔ک۔و۔خ۔ف۔ع۔ق۔ی۔م۔ہ جیسے:

اَلْبَقَرَةُ   اَلْحَدِيْدُ   اَلْكَرِيْمُ   اَلْوَاقِعَةُ   اَلْفَرَسُ

آل بَ قَ رَ ةُ   آل حَ دِی دُ   آل کَ رِی مُ   آل وَاقِ عَ ةُ   آل فَ رَ سُ

۲۔ جن حروف سے پہلے لام تعریف نہ پڑھا جائے ان کو حروف شمسیہ کہتے ہیں یہ بھی چودہ حروف ہیں ت۔ث۔د۔ذ۔ر۔ز۔س۔ش۔ص۔ض۔ط۔ظ۔ل۔ن جیسے:

اَلشَّمْسُ   اَلثَّمَرُ   اَلذِّكْرُ   اَلرَّجُلُ   اَلظَّالِمُ   اَلنَّجْمُ

آش شَم سُ   آث ثَ مَ رُ   آذ ذِک رُ   آر رَ جُ لُ   آظ ظَا لِ مُ   آن نَج مُ

اب غور کرو کہ حروف قمریہ میں ہمزہ اور حروف شمسیہ میں ہمزہ اور لام دونوں خاموش ہو جاتے ہیں جیسے:

ذٰلِکَ الْکِتٰبُ   بِهِ الزَّرْعُ   وَالزَّيْتُوْنَ   وَالنَّخِيْلَ   وَالْاَعْنَابَ   فَاِذَاالنُّجُوْمُ

ذَالِ کَل کِ تَا بُ   بِ ہِز زَرْ عُ   وَز زَا ئِ تُو نَ   وَن نَ خِی لَ   وَل اَعْ نَا بَ   فَ اِذَن نُ جُو مُ

مدکا حروف پر عمل اور ان کی صوت

مَد کے معنی لمبا کرنے کے ہیں لیکن اصطلاح میں حروف مدہ واوٗ۔الف۔یا اور حروف لین واوٗ۔ی پر آواز کو لمبا کرنے کو مَد کہتے ہیں۔

۱۔ وَاوٗ ساکن ماقبل مضموم جیسے: قُوْلُوْا   اُوْحِيْنَا   نُوْحِيْهَا

۲۔ یا ساکن ماقبل مکسور جیسے: فِیْ. لِیْ. نِیْ

۳۔ الف ہمیشہ ماقبل مفتوح ہوتا ہے جیسے: مَا. لَا

حروف مدہ اور حروف لین میں مد کا اظہار خود بخود ہو جاتا ہے۔ان پر مد لکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی اس لئے اس کو مد اصل سے بھی ذکر کیا جاتا ہے۔چونکہ واوٗ اور ی حروف لین بھی ہیں اور حروف لین میں جب واوٗ ساکن اور ماقبل مفتوح ہوتا ہے جیسے خَـوْفَ اور یا ساکن اور ماقبل مفتوح ہوتا ہے جیسے صَیْفَ تو ان کی صوت میں ایک الف کے برابر کا اظہار ہوتا ہے اور جب اردو رسم الخط میں ان کی صوت کو تحریر کریں گے تو الف تحریر میں آئے گا۔

خَوْف   صَيْف   عَلَيْهِمْ   اِلَيْهِمْ   خَيْرٌ   اَيْمَانَ   اَيْدِيْهِمْ   كَيْف   قَوْمَ   يَوْمَ

خَاوْف   صَائی ف   عَ لَائی ہِم   اِلَائی ہِم   خَائی رُ   آئی مَانَ   آئی دِی ہِم   کَائی ف   قَاوْ مَ   یَاوْ مَ

مذکورہ الفاظ کی صوت کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے اور مد فرعی وہ ہے جو حرف مدہ کے بعد ہمزہ یا حرف ساکن پر جیسے:

۱۔ اگر حرف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں آئے۔اس کو مد متصل یا مد لازم یا مد واجب کہتے ہیں جیسے جَآءَ اور اس کی صوت کو تحریر کرنے کے لئے حروف کی بجائے علامت سے کام لیا جائے گا۔لہٰذا اس کی صوت کی لمبائی کو نقاط سے ظاہر کیا جائے گا جیسے:

جَآءَ   سِيْٓئَتْ   سُوْٓءَ   جِيْٓءَ   شَآءَ   سَآءَ

جَا...ءَ   سِی...ءَت   سُو...ءَ   جِی...ءَ   شَا...ءَ   سَا...ءَ

اس مد کو تین الف سے پانچ الف تک بلکہ اس سے بھی زیادہ لمبا کرنا جائز ہے۔

۲۔ اگر حروف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُسے مد منفصل یا مد جائز کہتے ہیں اس کی صوتی صورت یہ ہے:

بِمَآ اُنْزِلَ   قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا   فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ   فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ   اِلَّآ اِيَّاهُ

بِ مَا.. اُن زِلَ   قُو لُو.. آمَن نَا   فِی.. اَن فُ سِ کُم   فَ قَا لُو.. اِن نَا.. اِلَائی کُم   اِل لَا.. اِی یَاہُ

حروف مقطعات میں مد کی صوت

کل چودہ حروف مقطعات ہیں جن میں سے چھ حروف ح۔ی۔ط۔ا۔ہ اور را پر مد نہیں آتا اور آٹھ حروف ل۔م۔ن۔س۔ص۔ق۔ع۔ک پر مد آتا ہے جیسے:

كٓهٰيٰعٓصٓ   الٓمّٓ   حٰمٓ   قٓ   نٓ   الٓرٰ

گا...ف ہَا یَا عَائی...ن صَا...د   اَلِف لَا...م مِی...م   حَا مِی...م   قَا...ف   نُو...ن   اَلِف لَا...م رَا

ہ ضمیر کی صوت

جہاں کہیں اسم ظاہر ذکر کیا گیا ہو یا اس کا ذکر بیان کرنے والے کے خیال میں ہو اور پھر اس کو دوبارہ ذکر کرنا مقصود ہو تو وہاں ایک ضمیر لائی جاتی ہے اور ہ ضمیر واحد مذکر غائب کی ہوتی ہے۔ ہ ضمیر کبھی مکسور ہوتی ہے اور کبھی مضموم لیکن مفتوح نہیں ہوتی۔ آپ دیکھ چکے ہیں کہ کسرہ کی دو صورتیں ہوتی ہیں کسرہ ـِ اور کھڑا زیر ـٖ اسی طرح ضمہ کی بھی دو شکلیں ہیں ـُ ـٗ تو اس ضمیر کی صوتی صورت یہ ہوگی کہ کھڑا زیر ہے تو ی سے اور اُلٹی پیش ہے تو واوٴ سے تحریر ہوگی جیسے:

بِهٖ	رَبِّهٖ	مِثْلِهٖ	لَهٗ	اِنَّهٗ	وَحْيُهٗ	اَمْرُهٗ
بِ ہی	رَب بِ ہی	مِث لِ ہی	لَ ہُو	اِن نَ ہُو	وَح یُ ہُو	اَم رُ ہُو

وقف کا قاعدہ اور اس کی صوت

وقف کے معنی رُکنا یا ٹھہرنا کے ہیں۔ کسی کلمہ کے آخری حرف کو ساکن کر کے سانس اور آواز کو روک لینا اور پھر پڑھنا جس جگہ وقف کیا جائے اس کو محل وقف اور جس طرح وقف کیا جائے اُس کو کیفیت وقف کہتے ہیں۔

سب سے پہلے یہ یاد رکھیں کہ قرآن کریم میں جہاں گول نشان ہے وہ آیت کا نشان ہے اور آیت پر ٹھہرنا حضور اکرم ﷺ سے ثابت ہے۔ آیت کے نشان پر کوئی اور علامت بھی لگائی گئی ہو جیسے لا وغیرہ تو بھی اس کا لحاظ کیے بغیر آیت پر ٹھہرنا درست اور جائز ہے۔ زیر نظر مصحف میں تحت متن جو صوت حروف میں درج ہے اس میں یہی قاعدہ لگایا گیا ہے۔

علاوہ ازیں م کا وقف لازم اور ط کا مطلق، ج کا وقف جائز ہے اس لئے ان اوقاف پر بھی وقف کیا گیا ہے۔ اور باقی اوقاف میں سے معانقہ پر ایک وقف اور سکتہ کے سوا کسی جگہ وقف نہیں کیا ہے۔

۱۔ وقف کی ایک صورت یہ ہے کہ کلمہ کے آخری حرف کو ساکن کر کے سانس اور صوت کو توڑ دینا جیسے:

تَعْلَمُوْنَ ۝	يَهْتَدُوْنَ ۝	لِلْعَبِيْدِ ۝	مَايُرِيْدُ ۝	وَقَبَ ؕ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ
تَع لَ مُون	یَہ تَ دُون	لِل عَ بِی د	مَا یُ رِی د	وَقَب	سُو...ءُل عَ ذَاب

۲۔ اگر کلمہ کے آخری حرف پر دو زبر دو زیر دو پیش یا گول ۃ لکھی گئی ہو تو ان صورتوں میں جو وقف ہوگا اس کو وقف ابدال کہتے ہیں کیونکہ وقف کی وجہ سے اس کی حالت بدل جاتی ہے جیسے:

رَحْمَةً ؕ	قُدْرَةً ؕ	رَسُوْلُهٗ ؕ	اَلْحَآقَّةُ ۝	خَاوِيَةٍ ۝	عَاتِيَةٍ ۝	رَابِيَةً ؕ	بِالْقَارِعَةِ ؕ
رَح مَہ	قُد رَہ	رَسُولُہ	اَل حَا...ق قَہ	خَاوِیَہ	عَاتِ یَہ	رَابِ یَہ	بِل قَارِ عَہ

۳۔ اگر موقوف علیہ میں لمبی ت ہوگی تو وہ لمبی ت ہی رہے گی بدلے گی نہیں البتہ اس کا اعراب ختم ہو جائے گا جیسے:

بَيِّنٰتٌ ؕ	لِلْخَبِيْثٰتِ ؕ	لِلطَّيِّبٰتِ ؕ	لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ	كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ؕ
بَاٴیِ یِ نَات	لِل خَ بِی ثَات	لِطْ طَاٴیِ یِ بَات	لَ کُ مُل آیَات	کَ مَ ثَ لِل عَن کَ بُوت

۴۔ اگر کلمہ کا آخری حرف پہلے ہی ساکن ہو تو یہ سکون بدستور رہے گا اس میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی البتہ سانس توڑ دی جائیگی جیسے:

حِسَابِيَهْ ۝	قُمْ فَاَنْذِرْ ۝	كِتٰبِيَهْ ؕ	سُلْطٰنِيَهْ ۝	فَارْغَبْ ۝
حِ سَابِ یَہ	قُم فَ اَن ذِر	کِ تَابِ یَہ	سُل طَانِ یَہ	فَر غَب

۵۔ اگر تنوین کو ملا کر پڑھیں گے تو وہ تنوین کی آواز دے گی مگر اس پر وقف کرنے سے نون تنوین کی صوت ختم ہو جائے گی جیسے:

قَدِيْرُ ۝ الَّذِىْ — قَدِيْرُ ۝ الَّذِىْ

قَ دِی رَال لَ ذِی — قَ دِی رُنِل لَ ذِی ہو گیا یعنی نون تنوین صوت میں شامل ہو گیا۔

علاوہ ازیں اوقاف کی صورتوں کا تعلق خالصۃً مشق سے ہے جیسے وقف بالاشمام اور وقف بالرّوم وغیرہ

آیاتھا ۷ (۱) سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ (۵) رکوعاتھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

بِس مِل لاَاہِر رح مانِر رَحی م

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَل حم دُ لل لاہِ رب بل عال می ن اَر رح مانِر رحی م

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو رب ہے سب جہانوں کا ۝ بڑا مہربان، نہایت رحم والا ۝

مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝

مال کِ یَو مِد دی ن اِی یا کَ نَع بُ دُ وَاِی یا کَ نَس تَ عی ن

مالک روزِ جزا کا ۝ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ۝

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۵

اِہ دِ نَص صِ را طَل مُس تَ قی م صِ را طَل لَ ذی نَ اَن عَم تَ عَ لَی ہِم

دکھا ہم کو راستہ سیدھا ۝ راستہ اُن لوگوں کا کہ انعام فرمایا تو نے اُن پر

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ ع

غَی رِ ل مَغ ضُو بِ عَ لَی ہِم وَ لَض ضا... ل لی ن

نہ وہ جن پر غضب ہوا (تیرا) اور نہ بھٹکنے والے ۝

(آمین قبول فرما اسی طرح ہو نامراد نہ کرنا)

اٰيَاتُهَا ۲۸۶ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ (۸۷) (۲) رُكُوْعَاتُهَا ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِس مِل لَا هِر رَح مَا نِر رَ حِی م

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

الٓمّٓ ۝۱ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى

اَلِف لَا...م مِی...م ذَا لِ كَل كِ تَا بُ لَا رَ ا ئِ بَ فِی هِ هُ دَ

الف، لام، میم ۝۱ یہ اللہ کی کتاب ہے، نہیں کوئی شک اس (کے کتاب اللہ ہونے) میں، ہدایت ہے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

لِل مُت تَ قِی ن اَل لَ ذِی نَ یُ ءْ مِ نُوْ نَ بِل غَا ئِ بِ وَ یُ قِی مُوْ نَص صَ لَا ةَ

اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے ۝۲ جو ایمان لاتے ہیں غیب پر اور قائم کرتے ہیں نماز

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ

وَ مِم مَا رَ زَق نَا هُم یُن فِ قُوْ نَ وَل لَ ذِی نَ یُ ءْ مِ نُوْ نَ بِ مَا..

اور اس میں سے جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں ۝۳ اور وہ جو ایمان لاتے ہیں اس پر جو

اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۴

اُن زِلَ اِ لَا ئِ كَ وَ مَا.. اُن زِلَ مِن قَب لِكَ وَ بِل آ خِ رَ ةِ هُم یُو قِ نُوْ ن

نازل کیا گیا تم پر اور اس پر جو نازل کیا گیا تم سے پہلے اور آخرت پر بھی وہ یقین رکھتے ہیں ۝۴

أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ⑤ إِنَّ الَّذِينَ

اُلآ...ءِ کَ عَ لاٰ ھُ دَ م مِر رَب بِ ہِم وَ اُلآ...ءِ کَ ہُ مُل مُف لِ حُون اِن نَل لَ ذِی نَ

یہی لوگ ہیں ہدایت پر اپنے رب کی اور یہی ہیں فلاح پانے والے ⑤ بیشک وہ لوگ جنہوں نے

كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَ أَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ⑥

کَ فَ رُو سَ وَا...ءُن عَ لَا ئِ ہِم ءَ آن ذَر تَ ہُم اَم لَم تُن ذِر ہُم لَا یُ× مِ نُون

(ان باتوں کو ماننے سے) انکار کردیا یکساں ہے ان کے لیے خواہ تم خبردار کرو انھیں یا نہ کرو وہ ایمان نہ لائیں گے ⑥

خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ وَلَهُمْ

خَ تَ مَل لَا ہُ عَ لَا قُ لُو بِ ہِم وَ عَ لَا سَم عِ ہِم وَ عَ لَا...اَب صَا رِ ہِم غِ شَا وَ تُوں وَ لَ ہُم

مُہر لگا دی ہے اللہ نے ان کے دلوں پر اور اُن کے کانوں پر اور اُن کی آنکھوں پر (پڑ گیا ہے) پردہ اور اُن کے لیے ہے

عَذَابٌ عَظِيمٌ ⑦ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ

عَ ذَا بُن عَ ظِی م وَ مِ نَن نَا سِ مَا ئیں یَ قُو لُ آ مَن نَا بِل لَا ہِ وَ بِل یَا وْ مِل آ خِ رِ

عذابِ عظیم ⑦ اور بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ ایمان لائے ہم اللہ پر اور آخرت کے دن پر،

وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ⑧ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَمَا يَخْدَعُونَ

وَ مَا ہُم بِ مُ× مِ نِی ن یُ خَا دِ عُو نَل لَا ہَ وَل لَ ذِی نَ آ مَ نُو وَ مَا یَخ دَ عُو نَ

حالانکہ نہیں ہیں وہ مومن ⑧ دھوکہ بازی کر رہے ہیں وہ اللہ سے اور ایمان والوں سے جبکہ نہیں دھوکا دے رہے

إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ⑨ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللَّهُ

اِل لَا... آن فُ سَ ہُم وَ مَا یَش عُ رُون فِی قُ لُو بِ ہِم مَ رَ ضُن فَ زَا دَ ہُ مُل لَا ہُ

مگر اپنے آپ ہی کو لیکن اُنہیں (اس کا) شعور نہیں ⑨ ان کے دلوں میں ہے ایک بیماری لہٰذا اور بڑھا دیا اُن کا اللہ نے

مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ⑩ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ

مَ رَ ضَا وَ لَ ہُم عَ ذَا بُن اَ لِی مُم بِ مَا کَا نُو یَک ذِ بُون وَ اِ ذَا قِی لَ لَ ہُم

مرض اور اُن کے لیے ہے دردناک عذاب، بسبب اس جھوٹ کے جو وہ بولتے ہیں ⑩ اور جب کہا جاتا ہے اُن سے

لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ⑪ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ

لَا تُف سِ دُو فِل اَر ضِ قَا لُو... اِن نَ مَا نَح نُ مُص لِ حُون اَ لَا... اِن نَ ہُم ہُ مُل

کہ نہ برپا کرو فساد زمین میں، تو کہتے ہیں کہ ہم ہی تو ہیں اصلاح کرنے والے ⑪ خبردار! حقیقت میں یہی لوگ ہیں

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ

مُف سِ دُونَ وَلٰا کِن لَا یَش عُ رُون وَاِذَا قِی لَ لَ ہُم آمِ نُو کَ مَا..

فساد برپا کرنے والے، مگر انہیں شعور نہیں ﴿۱۲﴾ اور جب کہا جاتا ہے اُن سے کہ ایمان لاؤ جس طرح

اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

آ مَ نَن نَا سُ قَا لُو.. اَ نُ × مِ نُ کَ مَا.. آ مَ نَس سُ فَ ہَا....ءُ اَ لَآ.. اِن نَ ہُم ہُ مُس

ایمان لائے اور لوگ تو کہتے ہیں کہ کیا ایمان لائیں ہم جس طرح ایمان لائے بیوقوف، خبردار! حقیقت میں یہی لوگ ہیں

السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ

سُ فَ ہَا....ءُ وَلٰا کِن لَا یَع لَ مُون وَاِذَا لَ قُل لَ ذِی نَ آمَ نُو قَا لُو.. آ مَن نَا

بیوقوف، لیکن جانتے نہیں ﴿۱۳﴾ اور جب ملتے ہیں اہلِ ایمان سے تو کہتے ہیں ایمان لائے ہم

وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

وَاِذَا خَ لَوْ اِلَا شَ یَا طِی نِ ہِم قَا لُو.. اِن نَا مَ عَ کُم اِن نَ مَا نَح نُ

اور جب ملتے ہیں علیحدگی میں اپنے شیطانوں سے تو کہتے ہیں ہم تو تمہارے ہی ساتھ ہیں، اصل میں ہم تو

مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

مُس تَہ زِ ءُون اَل لَاہُ یَس تَہ زِ ءُ بِ ہِم وَ یَ مُد دُ ہُم فِی طُغ یَا نِ ہِم

(ان کے ساتھ) محض مذاق کر رہے ہیں ﴿۱۴﴾ (جبکہ) اللہ مذاق کر رہا ہے اُن سے کہ مہلت دیے جا رہا ہے اُنہیں کہ وہ اپنی سرکشی میں

يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا

یَع مَ ہُون اُ لَا....ءِ کَل لَ ذِی نَش تَ رَوُ ض ضَ لَا لَ ۃَ بِل ہُ دَا فَ مَا

اندھوں کی طرح بھٹک رہے ہیں ﴿۱۵﴾ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خریدی ہے گمراہی بدلے میں ہدایت کے، سو نہ تو

رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى

رَ بِ حَت تِ جَا رَ تُ ہُم وَ مَا کَا نُو مُہ تَ دِی ن مَ ثَ لُ ہُم کَ مَ ثَ لِل لَ ذِی

نفع دیا ان کی تجارت ہی نے اور نہ ہوئے وہ ہدایت پانے والے ﴿۱۶﴾ ان کی مثال اس شخص کی ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

س تَو قَ دَ نَا رَا فَ لَم مَا.. اَ ضَا....ءَت مَا حَو لَ ہُو ذَ ہَ بَل لَاہُ بِ نُو رِ ہِم

جس نے جلائی آگ (روشنی کے لیے) پھر جب روشن کر دیا آگ نے اس کے گرد و نواح کو تو سلب کر لیا اللہ نے اُن کا نور

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

وَ تَ رَ کَ ہُم فِی ظُلُ مَاتِل لَا یُب صِ رُون صُم مُم بُک مُن عُم یُن فَ ہُم

اور چھوڑ دیا اُن کو اندھیروں میں کہ کچھ نہیں دیکھ پاتے ﴿١٧﴾ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، لہٰذا یہ (اب)

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ

لَا یَر جِ عُون اَوْ کَ صَا ئِ بِم مِ نَس سَ مَا٫٫٫ءِ فِی ہِ ظُلُ مَاتُن

نہ لوٹیں گے (سیدھے راستے کی طرف) ﴿١٨﴾ یا (پھر ان کی مثال ایسی ہے) جیسے زور کی بارش ہو رہی ہے آسمان سے، اس کے ساتھ ہیں اندھیری گھٹائیں،

وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ

وَ رَعْ دُوں وَ بَرق یَج عَ لُونَ اَصَا بِ عَ ہُم فِی٫٫ آذَا نِ ہِم مِ نَص صَ وَا عِ ق حَ ذَ رَل مَو تِ

کڑک اور چمک، ٹھونس لیتے ہیں اپنی انگلیاں کانوں میں اپنے، بسبب بجلی کی کڑک کے، موت کے ڈر سے

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ

وَل لَا ہُ مُ حِی طُم بِل کَا فِ رِی ن یَ کَا دُ ل بَر قُ یَخ طَ فُ

اور اللہ ہر طرف سے گھیرے میں لیے ہوئے ہے اِن منکرینِ حق کو ﴿١٩﴾ قریب ہے کہ یہ بجلی اُچک لے جائے

اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

اَب صَا رَہُم کُل لَ مَا٫٫ اَضَا٫٫٫ءَ لَ ہُم مَ شَو فِی ہِ وَ اِذَا٫٫٫ اَظ لَ مَ عَ لَی ہِم

بصارت اُن کی، جب ذرا بجلی چمکی تو چلنے لگتے ہیں اس (کی روشنی) میں اور جونہی اندھیرا چھا جاتا ہے، اُن پر

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

قَامُو وَ لَو شَا٫٫٫ءَ ل لَاہُ لَ ذَ ہَ بَ بِ سَم عِ ہِم وَ اَب صَا رِ ہِم اِن نَل لَا ہَ

تو کھڑے ہو جاتے ہیں حالانکہ اگر چاہتا اللہ تو سلب کر لیتا اُن کی سماعت اور بصارت ہی کو۔ یقیناً اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ

عَ لَا کُل لِ شَیْ ئِن قَ دِی ر یَا٫٫ اَی یُ ہَن نَا سُع بُ دُو رَب بَ کُ مُل لَ ذِی خَ لَ قَ کُم وَل لَ ذِی نَ

ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے ﴿٢٠﴾ اے انسانو! عبادت کرو اپنے رب کی جس نے پیدا کیا تم کو اور ان کو بھی جو

مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٢١﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا

مِن قَب لِ کُم لَ عَل لَ کُم تَ تَ قُون اَل لَ ذِی جَ عَ لَ لَ کُ مُل اَرضَ فِ رَا شَا

(ہو گزرے)، تم سے پہلے تاکہ تم بچ جاؤ (عذاب سے) ﴿٢١﴾ جس نے بنایا تمہارے لیے زمین کو بچھونا

وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۪ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ

وَس سَ مَا ... ءَ | بِ نَا ... آ ؤں | وَ اَن زَ لَ | مِ نَس سَ مَا ... ءِ | مَا ... ءَ ن | فَ اَخ رَ جَ | بِ ہی | مِ نَث ثَ مَ رَات

اور آسمان کو چھت اور برسایا آسمان سے پانی، پھر نکالا اس کے ذریعہ سے ہر طرح کی پیداوار کو،

رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ

رِز قَن | لَ کُم | فَ لَا | تَج عَ لُو | لِل لَا ہِ | اَن دَا دَاؤں | وَ | اَن تُم | تَع لَ مُون | وَ اِن

بطورِ رزق تمہارے لیے، پس نہ ٹھہراؤ اللہ کا ہمسر (کسی کو) درآنحالیکہ تم (یہ باتیں) جانتے ہو ﴿۲۲﴾ اور اگر

كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪

کُن تُم | فِی رَی بِم | مِم مَا | نَز زَل نَا | عَ لَا عَب دِ نَا | فَ × تُو | بِ سُو رَ تِم | مِم مِث لِ ہی

ہے تم کو شک اس (کتاب) کے بارے میں جو ہم نے نازل کی اپنے بندے پر، تو بنا لاؤ ایک ہی سورت اس کی مانند

وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ

وَد عُو | شُ ہَ دَا ... ءَ کُم | مِن دُو نِل لَا ہِ | اِن | کُن تُم | صَا دِ قِی ن | فَ اِ | ل لَم تَف عَ لُو | وَ لَن

اور بلا لو اپنے سب حمایتیوں کو بھی اللہ کے سوا، اگر ہو تم سچے ﴿۲۳﴾ لیکن اگر تم (ایسا) نہ کر سکو اور ہرگز نہ

تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

تَف عَ لُو | فَت تَ قُن | نَا رَ | ل لَ تِی | وَ قُو دُ ہَن | نَا سُ | وَل حِ جَا رَہ | اُعِد دَت | لِل کَا فِ رِی ن

کر سکو گے تو ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن ہیں انسان اور پتھر، جو تیار کی گئی ہے منکرینِ حق کے لیے ﴿۲۴﴾

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

وَ بَش شِ رِ | ل لَ ذِی نَ | آ مَ نُو | وَ عَ مِ لُص | صَا لِ حَات | اَن نَ | لَ ہُم | جَن نَا تِن

اور خوشخبری دے دو ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کیے جنہوں نے نیک عمل کہ بے شک ان کے لیے ہیں باغ،

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ

تَج رِی | مِن تَح تِ ہَل | اَن ہَا ر | کُل لَ مَا | رُ زِ قُو | مِن ہَا | مِن ثَ مَ رَ تِر | رِز قَن

بہتی ہوں گی جن کے نیچے نہریں، جب بھی دیا جائے گا انہیں ان باغوں میں سے کوئی پھل کھانے کے لیے

قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَ اُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ

قَا لُو | ہَا ذَ | ل لَ ذِی | رُ زِق نَا | مِن قَب لُ | وَ | اُ تُو | بِ ہی | مُ تَ شَا بِ ہَا

تو وہ کہیں گے یہ تو وہی ہے جو مل چکا ہے ہمیں اس سے پہلے کیونکہ دیا ہی جائے گا انہیں پھل، ملتا جلتا۔

وَلَهُمْ فِيهَآ أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۖ وَهُمْ فِيهَا خَٰلِدُونَ ﴿٢٥﴾ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَسْتَحْيِۦٓ

وَل ہُم فی ہَا.. آزواجُم مُ طہ ہ رَتُوں وَہُم فی ہا خالِدُون اِن نَل لاہ لا یَس تَح یِی..

اور اُن کے لیے وہاں بیویاں ہوں گی پاکیزہ اور وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۵﴾ بلاشبہ اللہ ہرگز نہیں شرماتا

أَن يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۚ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟

آئیں یَض رِب مَ ثَ لَم مَا بَ عُوضَ تَن فَ مَافَوْقَ ہَا فَ آم مَل لَ ذِی نَ آمَنُو

اس سے کہ بیان کرے تمثیل کسی قسم کی، مچھر کی یا اس سے بھی حقیر تر چیز کی۔ اب وہ لوگ جو ایمان والے ہیں،

فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۖ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟

فَ یَع لَ مُونَ اَن نَ ہُل حَق قُ مِر رَب بِ ہِم وَ اَم مَل لَ ذِی نَ کَ فَ رُو

وہ تو جانتے ہیں کہ یہی حق ہے، اُن کے رب کی طرف سے (آیا) ہے، لیکن وہ لوگ جو ماننے والے نہیں ہیں

فَيَقُولُونَ مَاذَآ أَرَادَ ٱللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهِۦ كَثِيرًا

وقف لازم

فَ یَ قُو لُونَ مَا ذَا.. اَرَادَ لَ لَاہُ بِہَا ذَا مَ ثَ لَا یُ ضِل لُ بِ ہِی کَ ثِی رَاوں

وہ کہتے ہیں کہ آخر کیا مُراد ہے اللہ کی ایسی تمثیلوں سے؟ گمراہی میں مُبتلا کرتا ہے اللہ ایسی باتوں سے بہتوں کو

وَيَهْدِى بِهِۦ كَثِيرًا ۚ وَمَا يُضِلُّ بِهِۦٓ إِلَّا ٱلْفَٰسِقِينَ ﴿٢٦﴾ ٱلَّذِينَ

وَ یَہ دِی بِ ہِی کَ ثِی رَا وَ مَا یُ ضِل لُ بِ ہِی.. اِل لَل فَا سِ قِی نَ اَل لَ ذِی نَ

اور راہِ راست دکھاتا ہے ان کے ذریعے سے بہتوں کو۔ اور نہیں گمراہ کرتا اس سے مگر نافرمانوں کو ﴿۲۶﴾ جو

يَنقُضُونَ عَهْدَ ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ مِيثَٰقِهِۦ وَيَقْطَعُونَ مَآ أَمَرَ ٱللَّهُ

یَن قُ ضُونَ عَہ دَل لَاہِ مِم بَع دِ مِی ثَا قِ ہِی وَ یَق طَ عُونَ مَا.. اَمَ رَ ل لَاہُ

توڑ دیتے ہیں اللہ کے عہد کو مضبوط کرنے کے بعد اور قطع کرتے ہیں اُن (رشتوں) کو کہ حکم دیا ہے اللہ نے

بِهِۦٓ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِى ٱلْأَرْضِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿٢٧﴾ كَيْفَ

بِ ہِی.. آئیں یُو صَ لَ وَ یُف سِ دُونَ فِل اَرض اُلَا...ءِ کَ ہُمُل خَا سِ رُون کَ اَئ فَ

جن کے جوڑنے کا اور فساد برپا کرتے ہیں زمین میں۔ یہی لوگ ہیں حقیقت میں نقصان اُٹھانے والے ﴿۲۷﴾ کیسے

تَكْفُرُونَ بِٱللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَٰتًا فَأَحْيَٰكُمْ ۖ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

تَک فُ رُونَ بِل لَاہِ وَ کُن تُم اَم وَا تَن فَ اَح یَا کُم ثُم مَ یُ مِی تُ کُم

کفر کا رویّہ اختیار کرتے ہو تم اللہ کے ساتھ حالانکہ تھے تم بے جان پھر زندگی عطا کی اس نے تمہیں پھر وہی موت دے گا تمہیں،

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٨﴾ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ

ثُم مَ تُحْ يِيْ کُمْ ثُم مَ اِلَا ئِ یْ ہِ تُرْ جَ عُوْن ہُ وَ اَل لَ ذِیْ خَ لَ قَ لَ کُمْ

پھر وہی زندہ کرے گا تمہیں، پھر اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے تم ﴿۲۸﴾ وہی تو ہے جس نے پیدا کیا تمہاری خاطر

مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ

مَا فِلْ اَرْض جَ مِيْ عَنْ ثُم مَس تَ وَا.. اِلَس سَ مَا....ءِ فَ سَاوْ وَا ہُن نَ سَبْ عَ سَ مَا وَات

وہ کچھ جو زمین میں ہے، سب، پھر توجہ فرمائی آسمان کی طرف اور استوار کر دیے سات آسمان۔

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٢٩﴾ وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي

وَ ہُ وَ بِ کُلْ لِ شَیْ ئِنْ عَ لِيْ مٌ وَ اِذْ قَالَ رَب بُ کَ لِلْ مَ لَا....ءِ کَ ةِ اِنْ نِیْ

اور وہ تو ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ﴿۲۹﴾ اور (یاد کرو) جب کہا تیرے رب نے فرشتوں سے کہ یقیناً میں

جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً ۖ قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن يُفْسِدُ

جَا عِ لُنْ فِلْ اَرْض خَ لِيْ فَہ قَالُوْ.. اَ تَجْ عَ لُ فِيْ ہَا مَئِیْں يُفْ سِ دُ

بنانے والا ہوں زمین میں ایک خلیفہ۔ تو اُنہوں نے کہا تھا کہ کیا تو مقرر کرے گا زمین میں (خلیفہ) اس کو جو فساد برپا کرے گا

فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۖ

فِیْ ہَا وَ یَسْ فِ کُدْ دِ مَا...ءَ وَ نَحْ نُ نُ سَب بِ حُ بِ حَمْ دِ کَ وَ نُ قَدْ دِ سُ لَکْ

اس میں اور خونریزیاں کرے گا جبکہ ہم تسبیح کرتے ہیں تیری حمد و ثنا کے ساتھ اور تقدیس کرتے ہیں تیری۔

قَالَ إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا

قَالَ اِنْ نِیْ.. اَعْ لَ مُ مَا لَا تَعْ لَ مُوْن وَ عَل لَ مَ آ دَ مَل اَسْ مَا....ءَ کُل لَ ہَا

اللہ نے فرمایا: یقیناً میں جانتا ہوں وہ کچھ جو تم نہیں جانتے ﴿۳۰﴾ اور سکھائے اللہ نے آدمؑ کو نام سب (چیزوں کے)،

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلَائِكَةِ فَقَالَ أَنبِئُونِي بِأَسْمَاءِ هَٰؤُلَاءِ إِن كُنتُمْ

ثُم مَ عَ رَ ضَ ہُمْ عَ لَل مَ لَا....ءِ کَ ةِ فَ قَالَ اَمْ بِ ءُوْ نِیْ بِ اَسْ مَا....ءِ ہَا ءُ لَا....ءِ اِنْ کُنْ تُمْ

پھر پیش کیا اُن کو فرشتوں کے سامنے اور فرمایا بتاؤ مجھے نام اُن کے، اگر ہو تم

صَادِقِينَ ﴿٣١﴾ قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۖ

صَا دِ قِیْ نَ قَالُوْ سُبْ حَا نَ کَ لَا عِلْ مَ لَ نَا.. اِل لَا مَا عَل لَمْ تَ نَا

سچے ﴿۳۱﴾ اُنہوں نے عرض کیا، پاک ہے تیری ذات، نہیں ہمیں علم مگر اسی قدر جتنا تو نے سکھایا ہمیں۔

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٢﴾ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ

بیشک تُو ہی ہے سب کچھ جاننے والا، بڑی حکمت والا ﴿٣٢﴾ اللہ نے فرمایا: اے آدمؑ! بتاؤ ان کو نام اُن کے،

فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ

پھر جب بتادیے آدمؑ نے فرشتوں کو نام ان سب کے، تو فرمایا: کیا نہیں کہا تھا میں نے تم سے کہ بیشک میں ہی

اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

جانتا ہوں سب راز آسمانوں کے اور زمین کے بھی؟ اور جانتا ہوں ہر اس چیز کو جو تم ظاہر کرتے ہو اور وہ بھی جو

كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

تم چھپا رہے ہو ﴿٣٣﴾ اور جب حکم دیا ہم نے فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدمؑ کو تو سب نے سجدہ کیا سوائے

اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۤ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ

ابلیس کے۔ اس نے انکار کیا اور گھمنڈ کیا اور وہ تھا ہی کافروں میں سے ﴿٣٤﴾ اور ہم نے کہا، اے آدمؑ! رہو

اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

تم اور تمہاری بیوی جنت میں اور کھاؤ اس میں بافراغت، جہاں سے چاہو، مگر نہ قریب جانا اس

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا

درخت کے ورنہ شمار ہوگا تمہارا ظالموں میں ﴿٣٥﴾ پھر پھسلا دیا ان دونوں کو شیطان نے اس درخت کی ترغیب دے کر۔

فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

بالآخر نکلوادیا ان دونوں کو اس (عیش و آرام) سے تھے وہ جس میں اور ہم نے حکم دیا کہ اُتر جاؤ تم سب (یہاں سے)، تم ایک دوسرے کے

عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقَّىٰ آدَمُ

عَ دُوو | وَلَ کُم | فِل اَرْض | مُس تَ قَر رُوں | وَم تَاعُن | اِلاَ حِی ن | فَ تَ لَق قَا.. آدَمُ

دشمن ہو اور تمہارے لیے ہے زمین میں ٹھکانا اور گزر بسر کرنا ایک وقتِ خاص تک ﴿٣٦﴾ پھر سیکھے آدمؑ نے

مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿٣٧﴾

مِر رَب بِہی | کَ لِ مَاتِن | فَ تَابَ عَ لَائِ ہ | اِن نَ ہُو ہُوَ | تَ تَاوْ وَابُ | رَحِیْم

اپنے رب سے کچھ کلمات (اور توبہ کی) تو قبول کر لی اللہ نے توبہ اس کی۔ بیشک وہی تو ہے بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ﴿٣٧﴾

قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ۖ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى

قُل نَہ | بِ طُو | مِن ہَا | جَ مِی عَا | فَ اِم مَا | یَ × تِ یَن نَ کُم | مِن نِی | ہُ دَن

ہم نے کہا، اُتر جاؤ یہاں سے تم سب، اب ہو گا یہ کہ ضرور آئے گی تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت،

فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٣٨﴾

فَ مَن | تَ بِ عَ | ہُ دَای | فَ لَا | خَاوْ فُن | عَ لَائِ ہِم | وَ لَا | ہُم | یَح زَ نُوں

سو جو تو پیروی کریں گے میری ہدایت کی تو نہ کوئی خوف ہے اُن کے لیے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے ﴿٣٨﴾

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ

وَل لَ ذِی نَ | کَ فَ رُو | وَ کَذ ذَ بُو | بِ آیَاتِ نَا.. | اُلَا...ءِکَ | اَص حَابُن نَار | ہُم

اور جو (اس ہدایت کو) قبول کرنے سے انکار کریں گے اور جھٹلائیں گے ہماری آیات کو وہی لوگ دوزخی ہیں، وہ

فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٣٩﴾ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ

فِی ہَا | خَالِ دُون | یَا بَ نِی.. اِس رَا...ءِی لَذ | کُ رُو | نِع مَ تِ یَل | لَ تِی.. | اَن عَم تُ | عَ لَائِ کُم

اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٣٩﴾ اے اولادِ یعقوبؑ! یاد کرو میری اس نعمت کو جو عطا کی تھی میں نے تم کو

ع

وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿٤٠﴾

وَ اَوْ فُو | بِ عَہ دِی.. | اُوفِ | بِ عَہ دِ کُم | وَ اِی یَا یَ | فَر ہَ بُون

اور پورا کرو تم اس عہد کو جو تم نے مجھ سے کیا، پورا کروں گا میں وہ عہد جو میں نے تم سے کیا اور مجھ ہی سے ڈرو ﴿٤٠﴾

وَآمِنُوا بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا

وَ آمِ نُو | بِ مَا.. | اَن زَل تُ | مُ صَد دِ قَل | لِ مَا | مَ عَ کُم | وَ لَا

اور ایمان لاؤ اس (کتاب) پر جو نازل کی ہے میں نے، جو تصدیق کر رہی ہے ان (کتابوں) کی جو تمہارے پاس موجود ہیں اور نہ

تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾

تَ كُوْنُوْ.. اَوْوَلَ كَافِ رِمْ بِ هِيْ وَلَا تَشْ تَ رُوْ بِ آيَاتِيْ ثَ مَنَ نْ قَ لِيْ لَا وْ وَاِيْ يَايَ فَتْ تَ قُوْن

بنو تم ہی سب سے اوّل منکر اس کے اور مت بیچو میری آیات کو تھوڑی قیمت پر اور میرے غضب سے بچو ﴿٤١﴾

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاَقِيْمُوا

وَلَا تَلْ بِ سُلْ حَقْ قَ بِلْ بَاطِ لِ وَ تَكْ تُ مُلْ حَقْ قَ وَاَنْ تُمْ تَعْ لَمُوْن وَاَ قِيْ مُص

اور نہ مشتبہ بناؤ حق کو باطل کا رنگ چڑھا کر اور (مت) چھپاؤ حق کو تم جانتے بوجھتے ﴿٤٢﴾ اور قائم رکھو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ

صَ لَاةَ وَ آتُ زَ كَاةَ وَ رْكَ عُوْ مَ عَرْ رَاكِ عِيْ نَ اَتَ × مُ رُوْنَ نَا سَ بِلْ بِرْ رِ

نماز اور دیا کرو زکوٰۃ اور جھکو جھکنے والوں کے ساتھ ﴿٤٣﴾ کیا حکم دیتے ہو تم لوگوں کو نیکی کا

وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا

وَتَنْ سَ وْنَ اَنْ فُ سَ كُمْ وَ اَنْ تُمْ تَتْ لُوْ نَلْ كِ تَابَ اَفَ لَا تَعْ قِ لُوْن وَسْ تَ عِيْ نُوْ

اور بھول جاتے ہو اپنے آپ کو؟ حالانکہ تلاوت کرتے ہو تم کتابُ اللہ کی۔ تو کیا پھر تم عقل سے بالکل کام نہیں لیتے؟ ﴿٤٤﴾ اور مدد لو

بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ الَّذِيْنَ

بِصْ صَبْ رِ وَصْ صَ لَاهْ وَ اِنْ نَ هَا لَ كَ بِيْ رَتُنْ اِلْ لَا عَ لَلْ خَاشِ عِيْ نَ اَلْ لَ ذِيْ نَ

صبر سے اور نماز سے۔ اور بیشک یہ بہت گراں ہے سوائے ان بندوں کے جن کے دلوں میں ڈر اور عاجزی ہے ﴿٤٥﴾ جو

